سوال

کیا لواطت اور مشت زنی سے توبہ اور معافی ممکن ہے ؟

جواب

زنا ولواطت سے توبہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر کوئی مسلمان جس کو یہ پتہ بھی ہو کہ لواطت ایک کبیرہ گناہ ہے ، لیکن وہ اس کے باوجود ایک عرصہ تک یہ گناہ کرتا رہا ہو ، اور وہ اس سے اب تائب ہونا چاہتا ہو تو یہ ممکن ہے ؟ ایک فاضل عالم دین نے مجھے بتایا ہے کہ یہ لواطت ایک ایسا جرم ہے جس کی معافی نہیں ہے ۔ ہر صورت عذاب بھگتنا ہو گا۔ اگر معافی ہے تو اس کا کوئی کفارہ بھی ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ ، أما بعد ! اللہ بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے ، اگر کوئی شخص یہ گناہ کرتا رہا ہو اور پھر خلوص دل کے ساتھ اللہ سے توبہ کر لے ، اور آئندہ اس گناہ کو نہ کرنے کا عزم کر لے تو اللہ تعالی ضرور اسے معاف فرما دیں گے ۔ اللہ تعالی کی رحمت بڑی وسیع ہے ، وہ ہر گناہ کو معاف کر سکتا ہے ۔ جس فاضل نے آپ کو یہ بتایا ہے کہ اس گناہ کی کوئی معافی نہیں ہے ، اس نے لاعلمی اور جہالت کا مظاہرہ کیا ہے ۔ اور اللہ کی وسیع رحمت کو محدود کرنے کی ناکام کوشش کی ہے ۔ ایسے بندے کو چاہیئے کہ وہ خلوص دل کے ساتھ اللہ سے اپنے سابقہ گناہوں کی معافی مانگے اور آئندہ یہ گناہ نہ کرنے کا عہد کرنے ، بے شک اللہ تعالی معاف کرنے والا ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی